سوال

(106)جنازہ کی نماز میں امام اور مقتدی کو فاتحہ پڑھنی چاہیے، یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنازہ کی نماز میں امام اور مقتدی کو فاتحہ پڑھنی چاہیے، یا نہیں اگر سورہ نہ پڑھی گئی، تو نماز جنازہ ہو جائے گی، یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد دعائے ماثورہ پڑھ کر امام اور مقتدی کو سورہ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے، صحیح بخاری میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنا، آنحضرت ﷺ کا طریقہ ہے۔ ((حدیث لَا صَلٰوۃَ لِمَن لَم یَقرَاَ بِفَاتِحَةِ الکِتَاب)) عام ہے، جو کہ ہر نماز کو شامل ہے، اگر امام یا مقتدی نے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی تو نماز باطل ہو گی، امام نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ بالجہر پڑھ سکتا ہے، ملاحظہ ہو نسائی شریف جلد نمبر ۱۔

(اہل حدیث گزٹ جلد نمبر ۸ شمارہ نمبر ۱۷) (مولانا محمد یونس دہلوی)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 05 ص 185

محدث فتویٰ